11-12-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست میں آج منعقدہ پنچایت انتخابات کے پہلے مرحلہ کے تحت پولنگ کا پرامن انعقاد عمل میں آیا۔صبح سات بجے شروع ہونے والی پولنگ دوپہر ایک بجے تک جاری رہی۔ بعد میں دوپہر دو بجے سے ووٹوں کی گنتی شروع ہوئی۔

۲۔ ریاست کے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو کے سرمائی حیدرآبادی دورہ کے تحت قبل از وقت انتظامات کرنے اور دوسرے کے تال میل سے کام کرنے کی متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۳۔ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے نوجوان محققین پر زور دیا ہے کہ وہ بین ضابطہ علوم پر توجہ دیں اور تلنگانہ سکوں کی تحقیق اور ہیرٹیج اسٹیڈیز میں سب سے آگے رہے۔

اور

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں آنے والے دنوں میں سب سے کم درجہ حرارت تین سے چار ڈگری تک ریکارڈ کیا جائے گا۔

HILL DAY

آج پوری دنیا میں عالمی یوم پہاڑ منایا جارہا ہے۔ ہرسال گیارہ دسمبر کو بین الاقوامی سطح پر یہ دن منایا جاتا ہے۔اس دن کا اہم مقصد پہاڑوں کی اہمیت ، پہاڑی علاقوں کے عوام کیلئے روزگار کے مواقع اور ماحولیات کے تعلق سے عوام میں شعور بیدار کرنا ہے۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2002 اس دن کا اعلان کیا۔اقوام متحدہ کا ادارہ ایف اے او ان تقریبات کا اہتمام کرتا ہے۔

TOURISUM

ریاستی محکمہ سیاحت کے زیر اہتمام سیاحوں اور تخلیق کاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے ہنڈرڈ وویک اینڈ ونڈرس آف تلنگانہ مقابلے کا انعقاد کیا جارہا ہے ۔اس مقابلے کے ذریعے محکمہ نے نایاب مقامات، غیر دریافت مقامات اور ویک اینڈ ڈیسٹینیشنز کی خوبصورتی کو تصاویر اور ویڈیوز کی شکل میں متعارف کرانے کے لئے اندراجات کو مدعو کیا ہے۔شرکا مختلف زمروں میں حصہ لے سکتے ہیں۔جیسے کہ فطرت ،جنگلی حیات،فن ثقافت ،ورثے کے مقامات،آبی وسائل ، پکوان کے تجربات، دیہی و زرعی دورے ،ریزورٹس،روحانی مقامات اور مہم جوئی کے مقامات جیتنے والوں کو پہلے انعام کے طور پر پچاس ہزار، دوسرے انعام کے طور پر تیس ہزار روپئے اور تیسرے انعام کے طور پر بیس ہزار روپئے انعام دیا جائے گا۔مزید تفصیلات کیلئے محکمہ سیاحت کی ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

ASJWINI

مرکزی وزیر ریلوے نے کہا کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے منظور کردہ ترسٹھ آراو بیز میں سے سترہ کی تعمیر ریاستی حکومت کی جانب سے تاخیر ہوئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ حصول اراضی میں سولہ اور فائنل الائنمنٹ کو طے کرنے میں ایک میں تاخیر ہوئی ہے۔لوک سبھا میں وقفہ صفر کے دوران مرکزی وزیر ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔

OU

عثمانیہ یونیورسٹی کی شکل اب تبدیل ہونے جارہی ہے۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ اس یونیورسٹی کو اسٹینفورڈ اور آکسفورڈ یونیورسٹی کے برابر بنایا جائے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ یونیورسٹی جو کہ ریاست کی تاریخ کا اٹوٹ حصہ ہے۔کو آئندہ نسلوں کے

لئے مزید کارآمد بنائیں۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ تین ماہ میں ایک ہزار کروڑ روپئے دیئے جائینگے اور عمارتوں کے ساتھ بہترین لیبارٹیز بھی تعمیر کی جائیں ۔چیف منسٹر کے خیالات کے مطابق یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر کمار ملگو رام نے کئی سینئر عہدیداروں کے ساتھ تجاویز تیار کیں ۔معروف تعمیراتی کمپنیوں کو اس کے مطابق ڈیزائن تیار کرنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔اور متعلقہ کمپنیوں نے مختلف ڈیزائن پیش کئے ہیں۔

DGP

تلنگانہ پولیس کے ڈائرکٹر جنرل شیو دھر ریڈی نے اعلامیہ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ پنچایت انتخابات کے تحت انتظامات کے لئے ریاست کے پولیس عملہ کے علاوہ محکمہ جنگلات اورا یکسائز بھی عملے کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں ۔انہوں نے بتایا کہ مقامی حالات کے مطابق عام اور حساس پولنگ مراکز کے طور پر تقسیم کیا گی ہے۔اورانکے مطابق پولیس بندوبست کیا گیا ہے۔انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر دوسوانتیس کیس درج کئے گئے ہیں۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کی طرف سے ووٹر لسٹ کی خصوصی جامع نظر ثانی پر کئے گئے الزامات اور تبصرے مضحکہ خیز ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک بار ثابت ہوگیا ہے کہ انہیں انتخابی نظام کی ذرہ برابر بھی سمجھ نہیں ہے۔کشن ریڈی نے اس سلسلے میں ایک بیان جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ بہار اور مختلف ریاستوں کے انتخابات میں کانگریس کی شکست کی وجوہات بیان کرنے میں ناکام ہوکر راہول گاندھی نے انتخابی نظام کے بارے میں جھوٹ پھیلانے کی سازش کررہے ہیں۔ایک طرف جہاں الزام لگایا جارہا ہے کہ ووٹر لسٹ غلطیوں سے بھری ہوئی ہے۔

Chief Minister

چیف منسٹر ریونت ریڈی آج صبح دہلی کے کانگریس آفس میں سرکردہ قائدین سونیا گاندھی، راہول گاندھی اور پرینکا گاندھی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ خاص طور پر ریاست میں کانگریس حکومت کے دوسال کی تکمیل کے موقع پر چیف منسٹر گلوبل سمٹ کے انعقاد اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری سے متعلق بات چیت کی۔ چیف منسٹر کے ہمراہ ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی اور کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ موجود تھے۔

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کئے جانے والے سیڈ لاء 2025ء میں کسانوں کے مفادات کو اہمیت دینے اور ریاستوں کو وسیع اختیارات دینے کی درخواست کی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نقلی بیج یا غیر معیاری بیجوں سے نقصان کا سامنا کرنے والے کسانوں کا تعاون کرنے اور کوئی بھی معیاد کے بغیر نقصان کا ہرجانہ دیا جائے۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا کہ ریاستی حکومت مہالکشمی اسکیم کو متعارف کر کے 90 سے زیادہ آر ٹی سی بس ڈپوس کو فائدہ پہنچایا ہے۔ ریاستی وزیر کل بس بھون میں اس اسکیم کے دوسال مکمل ہونے پر ایک اجلاس منعقد کیا۔ بعد میں انہوں نے میڈیا کانفرنس کے ذریعہ 97 ڈپوس کے عہدیداروں سے بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں عوامی حمل ونقل میں آر ٹی سی کا حصہ 28 فیصد ہے اور ویژن 2047ء کو مدنظر رکھتے ہوئے اس میں 70 فیصد تک اضافہ کرنے کیلئے ملازمین کو سخت محنت کرنی ہوگی۔

Exhibition

تلنگانہ رائزنگ گلوبل کے تحت فیوچرسٹی میں کل لوگوں نے کافی ہلچل مچائی۔ سمٹ کے باب الداخلہ پر طلبہ اور عام لوگوں کا ہجوم دیکھا گیا۔ مہیشورم اسمبلی حلقہ کے علاوہ اطراف واکناف کے منڈلوں، حیدرآباد اور سکندرآباد علاقوں سے کثیر تعداد میں طلبہ نے شرکت کی۔ اہم ہال کے بازو منعقدہ نمائش کو طلبہ نے دیکھا۔ اس نمائش میں اے آئی روبوس، ٹچ کیوسکس، ڈیجیٹل ٹرنل، زراعت، جنگلات، نٹ زیروسٹی، اندرامہیلا شکتی، ایرواسپیس، اے وی ایشن کے اسٹالس کے علاوہ بھارت فیوچرسٹی، اسکلس یونیورسٹی، تعلیم، محکمہ تعلیمات، کریڈائے، بافندہ شعبہ، لائف سائنس، اداروں کی جانب سے قائم کردہ اسٹالوں سے لطف اندوز ہوئے۔

appreciation

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ریاستی حکومت کی جانب سے باوقار طور پر منعقدہ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کو کامیاب کرنے میں اپنا رول ادا کرنے والے سرکاری عملہ سے اظہارِ تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف محکموں کے عہدیدار ایک دوسرے کے تال میل سے کام کیا اور سمٹ کو کامیاب بناتے ہوئے تلنگانہ کی ایک عمدہ مثال پیش کی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اِس سمٹ کیلئے سینئر آئی اے ایس عہدیداروں نے رہنمائی کی اور نوجوان آئی اے ایس عہدیداروں کی ٹیم نے عملی جامہ پہنایا۔

Unicef

آج یونیسف کا یوم تاسیس ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 1946ء میں یونیسف قائم کیا اور اسی روز یوم یونیسف طئے کیا گیا۔ بین الاقوامی سطح پر بچوں کے حقوق، کوششیں اور ان کی ترقی میں یونیسف کے کردار کو پیش کرنے کے طور پر اس دن کو منایا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ دوسری عالمی جنگ کے بعد متاثر ہونے والے بچوں، ماؤں کو غذا فراہم کرنے، علاج و معالجہ کی سہولت فراہم کرنے کے مقصد سے اس ادارہ کو قائم کیا گیا تھا۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں آنے والے دنوں میں سب سے کم درجہ حرارت تین سے چار ڈگری تک ریکارڈ کیا جائے گا۔محکمہ موسمیات نے عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچر یال،نرمل، ورنگل،ہنمکنڈ ہ،محبوب آباد، جنگاؤں،سدی پیٹ،سنگاریڈی،میدک اور کاماریڈی اضلاع میں تین دنوں کیلئے سردی میں اضافہ رہے گا اور یہاں ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Vote Chor Gaddi Chor

کانگریس پارٹی کی جانب سے ملک بھرمیں شروع کردہ ووٹ چور گدی چھوڑ پروگرام کے تحت تلنگانہ کے بعض اضلاع میں دیہی سطح پر دستخطی مہم چلائی جارہی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ اب تک دس ہزار سے زائد دستخطیں وصول کی گئی ہیں اوران دستاویزات کو دہلی کے اے آئی سی سی دفتر روانہ کیا جائے گا۔ ملک بھرمیں حاصل کردہ دستخط کے کاغذات کو پرسوں دہلی کے رام لیلہ سے راشٹر پتی بھون تک نکل کر صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو کو حوالہ کیا جائے گا۔ اس بات کی جانکاری کانگریس کے ریاستی صدر مہیش کمار گوڑ نے دی۔

First Phase Panchayat Election

ریاست میں آج منعقدہ پنچایت انتخابات کے پہلے مرحلہ کے تحت پولنگ کا پرامن انعقادعمل میں آیا۔صبح سات بجے شروع ہونے والی پولنگ دو پہر ایک بجے تک جاری رہی۔بعدمیں دو پہر دو بجے سے ووٹوں کی گنتی شروع ہوئی۔ بعض اضلاع کے گرام پنچایتوں میں ووٹوں کی گنتی کے بعد نتائج جاری کئے گئے۔متعلقہ گرام پنچایتوں میں نائب سرپنچ کے عہدوں کیلئے گنتی جاری ہے۔آج تین ہزار 834 سرپنچ اور 27 ہزار 628 وارڈ ارکان کیلئے پولنگ منعقد کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ دو پہر ایک بجے تک 79.15 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

President

ریاست کے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو کے سرمائی حیدرآبادی دورہ کے تحت قبل از وقت انتظامات کرنے اور دوسرے کے تال میل سے کام کرنے کی متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی۔ واضح رہے کہ صدر جمہوریہ ہند جاریہ ماہ کے 17 تاریخ سے 22 تاریخ تک بولارم کے راشٹر پتی نیلائم میں قیام کریں گی۔ اس دورہ کے تحت کئے جانے والے انتظامات کے تعلق سے سکریٹریٹ میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔

Mallu Bhatti Vikramarka

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے نوجوان محققین پر زور دیا ہے کہ وہ بین ضابطہ علوم پر توجہ دیں اور تلنگانہ سکوں کی تحقیق اور ہیریٹیج اسٹیڈیز میں سب سے آگے رہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت وراثت پر مبنی تحقیق کیلئے پوری طرح پابند عہد ہے۔ آج حیدرآباد میں مری چنا ریڈی ہیومن ریسورس ڈپارٹمنٹ میں منعقدہ جنوبی ہندوستانی سکہ اور معیشت پر کانفرنس سے خطاب کیا۔

○○